کیے، عہد نامہ جدید کے کوئی ۱۳ سو نسخے فروخت ہوئے، مسیحی ریڈیو کے ۱۶ ہزار اشتہار تقسیم کیے گئے اور مسیحی تعلقات پر مبنی ۱۵ ہزار دوورقے بانٹے گئے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ایک اور تبشیری تنظیم Interserve کا دعویٰ ہے کہ "۱۹۹۴ء میں ایک ملک (جس کا نام ظاہر نہیں کیا گیا) سے تین ہزار افراد نے تنظیم سے مراسلتی کورسوں کے لیے رابطہ قائم کیا۔ یہ تعداد ۱۹۹۳ء میں دس ہزار تھی۔" "فرینڈز آف ٹرکی" کی جانب سے ہر دو ماہ میں ۱۱ ہزار سے زائد تبشیری خطوط ارسال کیے جاتے ہیں۔ ("کرسچن - مسلم ریلیشنز نیوز لیٹر" - لیسٹر، جون ۱۹۹۵ء)

صوبہ سرحد (پاکستان) کے مسلمان تبشیری نشریات کا ہدف ہیں۔

بیرون پاکستان قائم ریڈیو سٹیشنوں کے ذریعے سے وطنِ عزیز کے لیے تبشیری پروگرام کافی عرصے سے نشر ہو رہے ہیں اور مسیحی رسائل و جرائد میں ان کے بارے میں اطلاعات بھی شائع ہوتی رہتی ہیں۔ فیبا ریڈیو (فلپائن) اور ویو (Wave) اسٹوڈیو (لاہور) کی سرگرمیوں اور پیش رفت کے بارے میں "عالمِ اسلام اور عیسائیت" کے صفحات میں بھی ذکر آتا رہا ہے۔ گزشتہ مہینے پشاور میں مقیم روزنامہ "خبریں" (لاہور) کے مراسلہ نگار نے اسلام آباد سے کام کرنے والے ریڈیو سٹیشن "بائبل کی آواز" اور لاہور سے کام کرنے والے "دی ورلڈ ایڈونچرز" کے بارے میں اطلاع دی کہ ان کے پروگراموں کا ہدف بالخصوص صوبہ سرحد کے مسلمان ہیں۔ ان سٹیشنوں سے پشتو، انگریزی اور اُردو میں پروگرام نشر ہوتے ہیں۔ "صوبہ سرحد کے پس ماندہ علاقوں اور بھٹہ خشت [مزدوروں کے مسائل] سمیت دیگر مسئلوں پر مکمل ریسرچ کے ساتھ تفصیلی پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں اور باقاعدہ ترغیب دی جا رہی ہے کہ اگر آپ لوگ فلاح چاہتے ہیں تو عیسائیت اختیار کریں۔ آپ کی تمام پریشانیاں حل ہو جائیں گی۔"

"دونوں اسٹیشنوں سے جو پروگرام نشر کیے جاتے ہیں، وہ مکمل تحقیق پر مبنی ہوتے ہیں۔ لاہور کا پروگرام ختم ہوتے ہی اسی سگنل پر بوسٹن (امریکہ) سے انگریزی پروگرام شروع ہو جاتے ہیں۔ اسلام آباد اور لاہور ریڈیو سٹیشنوں سے متعلق ایک دفتر یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں بھی قائم ہے جس کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ اس دفتر سے عیسائیت کی تبلیغ کے لیے لٹریچر فراہم کیا جاتا ہے۔" (روزنامہ "خبریں"، لاہور - ۶ اگست ۱۹۹۵ء)